# (۲)

نام کتاب : اسلام اور عصرِ حاضر کے مسائل وحل

مرتب : پروفیسر عبدالماجد

ضخامت: 270 صفحات ' قیمت: 100 روپے

ملنے کا پتہ: HSSRD آفس ہمالہ اکیڈمی' اکبر خان روڈ' مانسہرہ

پروفیسر عبدالماجد معروف اہلِ علم و دانش ہیں۔ اس سے پہلے ان کی ایک کتاب اسلام اور جدید سائنس شائع ہو چکی ہے۔ ۱۹۸۶ء تا ۲۰۰۲ء کے دوران منعقد ہونے والے مقابلہ مقالات نگاری پر سیرت کانفرنس کے موقع پر انہیں پانچ صدارتی انعامات کا مستحق قرار دیا گیا۔ متحدہ علماء کونسل اسلام آباد کی طرف سے مصنف کو ۱۹۹۲ء کے کل پاکستان مقابلہ مضمون نویسی میں پہلا انعام دیا گیا۔ اس کے علاوہ مصنف نے بیرون ملک سے بھی مقالہ نگاری میں ایوارڈ حاصل کیا۔

زیرِ تبصرہ کتاب مصنف کے چودہ مقالات پر مشتمل ہے۔ اس کے علاوہ ایک مضمون شیخ الاسلام قاری محمد طیب اور ایک مضمون باوا عبدالرحیم محی الدین کا ہے۔ تمام مضامین انتہائی معیاری' مفید' فکر انگیز اور معلومات افزا ہیں۔ بعض مضامین خاصے طویل اور بعض مختصر ہیں۔ مصنف کے الفاظ میں ان مضامین کا بنیادی تانا بانا اس خیال پر مبنی ہے کہ انسان کے موجودہ مسائل اور مصائب کو کس طرح وحی الٰہی کی روشنی میں حل کیا جا سکتا ہے۔

ہر مضمون کے مندرجات کو ثقہ حوالوں کے ساتھ مضبوط کیا گیا ہے۔ تمام مضامین بلند پایہ اور حقائق پر مبنی ہیں' کہیں بھی مصنف کا قلم اعتدال کی راہ سے ہٹنے نہیں پایا۔ یوں تو سارے مضمون ہی وقیع ہیں تاہم ''عدم برداشت کا قومی اور بین الاقوامی رجحان اور تعلیمات نبوی'' نہایت جامع اور ہمہ گیر ہے۔ کتاب سے مذہبی سکالر بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور جدید تعلیم یافتہ حضرات بھی۔

کتاب مضبوط جلد اور خوبصورت ٹائٹل سے مزین ہے۔ کتاب کے آخر میں مصنف کا مختصر تعارف بھی دیا گیا ہے۔